فوری ریلیز کے لیے: 2024/1/2 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے لیتھیئم آئن بیٹری سے لگنے والی آگ کے خطرات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے پوری ریاست میں "محفوظ طور پر خریدیں، محفوظ طریقے سے چارج کریں" (" BUY SAFE, CHARGE SAFE") نامی مہم کا اعلان کر دیا

اس سے مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز میں استعمال ہونے والی غیر محفوظ لیتھیم آئن بیٹریوں کی فروخت پر پابندی کے لیے گورنر کی سٹیٹ آف دی سٹیٹ تجویز کی تکمیل ہو رہی ہے

متعدد ایجنسیوں کی اس مشترکہ کاوش سے صارفین کو اس ویڈیو کے ذریعے لیتھیم آئن بیٹریوں والے آلات کو صحیح طریقے سے خریدنے، استعمال کرنے، چارج کرنے اور برقرار رکھنے کے بارے میں آگاہی ملے گی

لیتھیم آئن بیٹریوں کے صارفین کے لئے یہ نئی گائیڈ نیویارک کے شہریوں کو واضح حفاظتی رہنمائی فراہم کر رہی ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج صارفین کے لئے لیتھیم آئن بیٹریاں استعمال کرنے والی مصنوعات کے محفوظ استعمال کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لیے ایک ریاست گیر مہم کا اعلان کیا، مثلاً ای بائک، ای سکوٹر، ہوور بورڈ، سمارٹ فون، لیپ ٹاپ، کھلونے اور پاور ٹولز۔ ان صارف مصنوعات نے کئی طریقوں سے ہماری زندگیوں کو بہتر تو بنا دیا ہے، تاہم اگر انہیں درست طریقے سے اور حفاظتی اقدامات کو ذہن میں رکھتے ہوئے استعمال نہ کیا جائے تو وہ سنگین خطرات کا سبب بن سکتی ہیں۔ نیویارک شہر میں سنہ 2023 میں 250 سے زیادہ آگیں لگیں، 130 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے، اور کم از کم 18 ہلاکتیں ہوئیں۔پوری ریاست میں آگ لگنے کے کئی مزید واقعات بھی ہوئے ہیں، بشمول گرین، ہرکیمر، اورنج، جیفرسن اور سفولک کاؤنٹیوں میں اور دیگر مقامات پر۔ گورنر Hochul نے ایسی غیر مصدقہ یا غلط طور پر تصدیق شدہ لیتھیم آئن بیٹریوں کی فروخت پر پابندی کی تجویز بھی پیش کی ہے جو مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز مثلاً ای بائک اور ای-سکوٹرز میں استعمال ہوتی ہیں۔

"جیسے جیسے ہماری ٹیکنالوجی ترقی کر رہی ہے جو بعض اوقات تو بجلی کی رفتار سے ہو رہی ہے، تو یہ ترقی ہماری زندگیوں کو آسان تر اور مزید پرلطف بنا سکتی ہے۔ تاہم یہ ترقی ایسے خطرات بھی لا سکتی ہے جن کے ہم عادی نہیں ہیں، اور ہمارے لئے دفاع کا پہلا طریقہ ان خطرات سے آگاہی حاصل کرنا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "بہترین معلومات و آلات سے لیس ہماری ایجنسیوں کی جانب سے شروع کی جانے والی یہ مہم نیو یارکرز کو انکی خریدی ہوئی ڈیوائسز کے بارے میں باخبر، محفوظ، اور سمارٹ انتخابات کرنے میں مدد دے گی کہ انہیں بہترین طریقے سے کیسے سٹور اور استعمال کرنا ہے۔ میں ہر شخص کو تاکید کر رہی ہوں کہ وہ اپنی جان و مال کی حفاظت کی خاطر ان انتباہات پر عمل کرنے کے لیے صرف چند منٹ نکالیں — کیونکہ ایک جان ضائع ہوئی تو یہ کئی زندگیوں کے ضائع ہونے کے مترادف ہے۔"

متعدد ایجنسیوں کی اس مشترکہ کاوش سے صارفین کو اس ویڈیو کے ذریعے لیتھیم آئن بیٹریوں والے آلات کو صحیح طریقے سے خریدنے، استعمال کرنے، چارج کرنے اور رکھنے کے بارے میں بھی آگاہی ملے گی اور اس بارے میں بھی کہ انکے غلط استعمال کے ممکنہ خطرات کیا ہو سکتے ہیں۔ اس کاوش میں متعدد ریاستی ایجنسیاں شامل ہیں بشمول ڈپارٹمنٹ آف سٹیٹ (Department of State)، ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات

(Division of Homeland Security and Emergency Services) اور ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیق اور ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority)۔
گورنر نے اپنے سٹیٹ آف دی سٹیٹ خطاب اور ایگزیکٹو بجٹ میں مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز میں لیتھیم آئن بیٹریوں کی فروخت پر تب تک پابندی لگانے کی تجویز بھی شامل کی تھی جب تک وہ بیٹریاں مخصوص حفاظتی معیارات کے مطابق قومی سطح پر تسلیم شدہ ٹیسٹنگ اور سرٹیفیکیشن لیبارٹری سے تصدیق شدہ نہ ہوں۔

"Buy Safe, Charge Safe" نامی عوامی بیداری مہم 1 فروری، 2024 سے پوری ریاست میں چلائی جائے گی۔ اس مہم میں ڈسپلے، سرچ اور سوشل میڈیا کے اشتہارات شامل ہوں گے جو ان افراد پر توجہ مرکوز کریں گے جو لیتھیم آئن بیٹریوں پر مشتمل صارف مصنوعات خریدتے یا استعمال کرتے ہیں۔ ان اشتہارات میں اس بات پر توجہ مرکوز کی جائے گی کہ لیتھیم آئن بیٹریاں خریدتے وقت کن باتوں کا خیال رکھا جائے، انہیں محفوظ طریقے سے کیسے استعمال کیا جائے، اور انہیں ٹھکانے کیسے لگایا جائے۔ ان اشتہارات کے ساتھ ایک معلوماتی ویڈیو بھی چلائی جائے گی۔ ان اشتہارات یا ویڈیو پر کلک کرنے والے صارفین کو لیتھیم آئن بیٹریاں محفوظ طریقے سے استعمال کرنے کے بارے میں مزید معلومات دینے والی ایک ویب سائٹ پر بھیج دیا جائے گا۔ یہ نئی ون اسٹاپ ویب سائٹ یہاں: ny.gov/chargesafe ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اس کاوش کے ایک جزو کے طور پر، نیویارک ڈیپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کے ڈویژن آف کنزیومر پروٹیکشن (Division of Consumer Protection) اور ڈویژن آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز (Division of Homeland Security and Emergency Services) نے ایک لیتھیم آئن بیٹری کنزیومر سیفٹی گائیڈبھی تیار کی ہے جس سے نیو یارک باسیوں کو واضح حفاظتی رہنمائی ملے گی۔ ان اشیاء کو محفوظ طریقے سے خریدنے، استعمال کرنے، چارج کرنے، رکھنے، ذخیرہ کرنے اور ٹھکانے لگانے کے طریقوں کو سمجھنا لیتھیم آئن بیٹری سے لگنے والی آگ کو روکنے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ مزید برآں، آگ لگنے کی انتباہی علامات کو سمجھنا اور انکا تدارک کرنے والے اقدامات کے بارے میں معلومات رکھنا تباہی اور سانحوں کے خطرات کم کرنے میں مدد کرتا ہے۔

سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "لیتھیم آئن بیٹریوں سے چلنے والی صارف مصنوعات ہماری روزمرہ کی زندگیوں میں اب بہت زیادہ استعمال ہو رہی ہیں، لیکن بہت سے صارفین ان ممکنہ خطرات سے ناواقف ہیں جو اس صورت میں پیدا ہوتے ہیں جب انہیں مناسب طریقے سے ہینڈل نہ کیا جائے۔ نیویارک کے صارفین کے لیے ان مصنوعات کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنے، چارج کرنے اور ذخیرہ کرنے کے طریقوں کو سمجھنا بہت اہم ہے، اور اسی لیے ہم نے اپنے ایجنسی کے شراکت داروں کے ساتھ کام کیا ہے تاکہ صارفین کی واضح رہنمائی کی جائے اور نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے میں مدد کے لیے صارفین کی معلوماتی مہم تیار کی جا سکے۔"

ریاست نیو یارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کی کمشنر Jackie Bray نے کہا، "لیتھیم آئن بیٹریاں ان بہت سے آلات کو بجلی فراہم کرتی ہیں جنہیں ہم روزانہ استعمال کرتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے، غیر مصدقہ یا سیکنڈ ہینڈ ورژنز والی بیٹریوں کے غلط استعمال یا چارجنگ سے جو خاص طور سے مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز میں لگی ہوئی ہوتی ہیں، کئی المناک نتائج جنم لے سکتے ہیں۔ میں نیویارک کے تمام باشندوں کو تاکید کرتا ہوں کہ وہ وقت نکال کر لیتھیم آئن کی آگ کو روکنے میں اپنا کردار ادا کریں اور یہ سمجھیں کہ ان بیٹریوں کو محفوظ طریقے سے کیسے استعمال کرنا ہے اور اپنے گھر والوں کی حفاظت کو کیسے یقینی بنانا ہے۔"

نیویارک کے محکمہ برائے موٹر گاڑیاں (Department of Motor Vehicles Commissioner) کے کمشنر اور گورنر کی ٹریفک سیفٹی کمیٹی (Governor's Traffic Safety Committee) کے سربراہ Mark J.F. Schroeder نے کہا، "کسی ای بائیک یا مائیکرو موبلٹی ڈیوائس کو محفوظ طریقے سے چارج اور اسٹور کرنے کے طریقوں کو سمجھنا اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ محفوظ طریقے سے سواری کرنا اور سڑک کے اصولوں پر عمل کرنا۔ یہ مہم ایسے عام فہم ٹوٹکے اور مفید طریقے بتا رہی ہے جن پر عمل کرنا آسان ہے اور امید ہے ان سے ایک اور المناک آگ کو روکنے میں مدد ملے گی۔ میری ہر شخص کو تاکید ہے کہ وہ ان تمام خطرات کے متعلق آگاہی حاصل کرنے میں کچھ وقت لگائیں جن کا آپ کو اپنی روزمرہ کی زندگی میں لیتھیم آئن بیٹریوں کی وجہ سے سامنا کرنا پڑتا ہے اور خود کو ان خطرات سے محفوظ رکھنے کے طریقے سیکھیں۔"

ریاست نیویارک کے محکمۂ تحقیق و ترقئ توانائی (New York State Energy Research and Development Authority) کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "لیتھیم آئن بیٹریاں روزمرہ کی صارفین کی مصنوعات کو بجلی فراہم کرتی ہیں جن کا استعمال لاکھوں نیویارک باسی روزانہ کرتے ہیں، تاہم اس سے جو اس ٹیکنالوجی سے وابستہ ممکنہ خطرات کے بارے میں بیداری بڑھانے کی اہمیت بھی واضح ہو رہی ہے۔ عوام کو اس علم اور معلومات کے ساتھ بااختیار بنانا جنکی انہیں ان مصنوعات کو ذمہ داری سے استعمال کرنے یا چلانے یا رکھنے کے لیے ضرورت ہے، نہ صرف ہماری کمیونٹیز کو ممکنہ خطرات سے بچانے کے لیے ریاست کی کوششوں کو تقویت ملے گی بلکہ ہمیں ایک ایسے مستقبل کی طرف رہنمائی کرنے میں مدد بھی دے گی جہاں جدت اور حفاظت سب کے لئے اچھی طرح سے ہم آہنگ ہو۔"

عوامی آگاہی مہم کے علاوہ، DHSES کے آفس آف فائر پریونشن اینڈ کنٹرول (Office of Fire Prevention and Control, OFPC) نے لیتھیم آئن بیٹری کے واقعات کے لیے فائر سروس گائیڈنس اور متعلقہ معلومات تیار کی ہیں جو انکی ویب سائٹ پر یہاں دستیاب ہے۔ مزید برآں، OFPC نے لیتھیم آئن بیٹری سے متعلق ایک آگاہی کورس بھی تیار کیا ہے اور آج تک 2850 سے زیادہ کورس مکمل کر لیے گئے ہیں، بشمول DHSES لرننگ مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے 450 آن لائن کورسز کی تکمیل کے۔

لیتھیم آئن بیٹری کی سیفٹی

لیتھیم آئن بیٹریاں ان بہت سے پروڈکٹس کو بجلی دیتی ہیں جو صارفین روزانہ استعمال کرتے ہیں، اور انکے مناسب استعمال سے انکی وجہ سے لاحق خطرات کم کیے جا سکتے ہیں۔ تاہم، اگر انہیں مناسب طریقے سے استعمال نہ کیا جائے تو کسی پروڈکٹ کے اندر موجود لیتھیم آئن بیٹری حد سے زیادہ گرم ہو سکتی ہے جس کی وجہ سے ایسی بڑی آگ لگ سکتی ہے جس پر قابو پانا مشکل ہو جاتا ہے۔

خریداری کے متعلق مفید مشورے:

- **مصنوعات معروف مینوفیکچررز اور دکانداروں سے خریدیں:** وہ پروڈکٹس جو اچھی طرح سے انجنیئر کی گئی ہوں اور انکی خوب اچھی طرح جانچ کی گئی ہیں، وہی زیادہ محفوظ پروڈکٹس ہوتی ہیں۔ "کم قیمت، کم معیار" والی چیزوں کی خریداری سے گریز کریں جو آپ کو یا آپ کے خاندان کو خطرے میں ڈال سکتی ہیں۔
- **کسی قومی سطح پر تسلیم شدہ سرٹیفیکیشن لیبارٹری کا نشان تلاش کریں:** پروڈکٹ پر قومی سطح پر تسلیم شدہ سرٹیفیکیشن لیبارٹریز، مثلاً انڈر رائٹرز لیبارٹری (Underwriters Laboratory, UL) کے حفاظتی نشانات کا مطلب ہے کہ اس پروڈکٹ کی تصدیق حفاظت، معیار یا حفاظتی معیارات پر پورا اترنے کے لیے کر دی گئی ہے۔ آن لائن خریداری کرتے ہوئے مصنوعات کی پیکیجنگ پر اور خود پروڈکٹ یا مصنوعات کی تفصیلات کے اندر بنے ہوئے حفاظتی نشانات تلاش کریں۔
- **خریداری سے پہلے چیک کریں کہ کوئی پراڈکٹ مارکیٹ سے واپس تو نہیں اٹھائی گئی تھی:** www.cpsc.gov/recall پر امریکی کنزیومر پروڈکٹ سیفٹی کمیشن (Consumer Product Safety Commission, CPSC) کا ڈیٹا بیس چیک کرکے دیکھیں کہ کوئی پراڈکٹ مارکیٹ سے واپس تو نہیں اٹھائی گئی تھی۔

استعمال کے متعلق مفید مشورے:

- **مینوفیکچرر کی ہدایات پر عمل کریں:** اپنے آلات کو ہمیشہ مینوفیکچرر کی ہدایات کے مطابق چارج کریں، اسٹور کریں اور استعمال کریں۔ اپنے آلے کی بیٹری کو کبھی بھی نہ نکالیں نہ اس میں کوئی تبدیلی کریں۔ اس سے دھماکہ ہونے کے خطرے میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔
- **صرف وہ چارجر استعمال کریں جو آپ کے آلے کے ساتھ آیا تھا:** اگر آپ کو نیا چارجر خریدنے کی ضرورت پڑے، تو یقینی بنائیں کہ اس متبادل چارجر کو آلہ بنانے والے نے منظوری دی ہوئی ہے۔ بیٹریوں اور چارجرز کو اجزاء سے تبدیل نہ کریں جب تک کہ وہ آپ کے آلے کے لیے خاص طور سے ڈیزائن شدہ

اور منظور شدہ نہ ہوں۔ صرف اس لیے کہ کوئی چارجر آپ کے آلے میں فٹ ہو رہا ہے، اسکا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ اسے استعمال کرنا محفوظ ہے۔

<u>چارجنگ کے متعلق مفید مشورے:</u>

- **لیتھیم آئن سے چلنے والے کسی بھی آلے کو چارج کرنے کے دوران بغیر نگرانی کے نہ چھوڑیں:** بغیر نگرانی کے چارجنگ کرنے سے اوور چارجنگ کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ جب لیتھیم آئن بیٹریاں حد سے زیادہ چارج ہو جاتی ہیں تو وہ بہت گرم ہو کر پھٹ سکتی ہیں اور آگ لگ سکتی ہے۔ جب آلات اور بیٹریاں مکمل طور پر چارج ہو جائیں، تو انہیں ہمیشہ فوراً ہٹا دیں۔
- **اپنی ڈیوائس کو چارج کرنے کے لئے کوئی محفوظ جگہ چنیں:** اپنی مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز کو نہ پاور سٹرپ پر لگائیں اور نہ کسی آؤٹ لیٹ کو اوورلوڈ کریں۔ بڑی مائیکرو موبلٹی ڈیوائسز مثلاً ای-بائیکس اور ہوور بورڈز کو دروازوں کے قریب ہرگز چارج نہ کریں کیونکہ اس سے ہنگامی صورتحال میں آپ کے باہر نکلنے کا راستہ بند ہو سکتا ہے۔ چھوٹی ڈیوائسز مثلاً اسمارٹ فونز اور لیپ ٹاپس کو تکیوں کے نیچے، بستروں پر یا صوفوں پر چارج کرنے سے گریز کریں۔ لیتھیم آئن بیٹریاں کو بچوں، براہ راست سورج کی روشنی، مائع اشیاء اور ٹھوکر لگنے کے امکان سے دور کسی چپٹی، خشک جگہ پر چارج کریں۔

<u>ٹھکانے لگانے کے متعلق مفید مشورے:</u>

- **لیتھیم آئن بیٹریوں کو گھر کے کوڑے دان یا ری سائیکلنگ ڈبوں میں کبھی نہ پھینکیں:** Call2Recycle لیتھیم آئن بیٹریوں اور ان کا استعمال کرنے والے آلات کو محفوظ طریقے سے ٹھکانے لگانے کے لیے ریٹیل کلیکشن ٹیک بیک پروگراموں اور رضاکارانہ طور پر اکھٹا کرنے والے پروگراموں کا اہتمام کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے Call2Recycle کی ویب سائٹ https://www.call2recycle.org/ پر ملاحظہ کریں۔ ختم ہوتی ہوئی بیٹریوں کو صحیح طریقے سے ٹھکانے لگانے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے NYS ڈیپارٹمنٹ آف انوائرمینٹل کنزرویشن کی ویب سائٹ www.dec.ny.gov/chemical/72065.html دیکھیں، یا NYC کے رہائشیوں کے لیےwww.nyc.gov/batteriesملاحظہ کریں۔

<u>لیتھیم آئن بیٹری میں آگ لگنے کی انتباہی علامات</u>

- **ڈیوائس گرم ہو گئی ہے:** جب بیٹریاں چارج ہو رہی ہوتی ہیں یا زیرِ استعمال ہوتی ہیں، تو ان میں سے تھوڑی سی حرارت کا نکلنا معمول کی بات ہے۔ تاہم، اگر آپ کے آلے کی بیٹری چھونے پر بہت زیادہ گرم محسوس ہو رہی ہو، تو ہو سکتا ہے وہ خراب ہو چکی ہے اور اس سے آگ لگنے کا خطرہ ہے۔
- **ڈیوائس پھولی ہوئی یا سوجی ہوئی ہے:** ڈیوائس کا معائنہ کریں کہ کہیں اس میں کوئی گومڑا یا کوئی گانٹھ تو پیدا نہیں ہو چکی ہے۔
- **ڈیوائس میں سے سرسراہٹ، کڑکڑانے، یا پٹاخے جیسے آواز آ رہی ہے:** ختم ہوتی ہوئی بعض لیتھیم آئن بیٹریوں میں سے سرسراہٹ، کڑکڑانے، یا پٹاخے جیسے آواز آتی ہے۔
- **ڈیوائس میں سے بدبو اٹھ رہی ہے:** بیٹری سے اٹھنے والی کسی بھی تیز یا غیر معمولی بدبو پر فوری توجہ دیں۔ جب لیتھیم آئن بیٹریاں ختم ہو رہی ہوتی ہیں تو ان میں سے زہریلے دھوئیں کا اخراج ہوتا ہے۔
- **ڈیوائس میں سے دھواں نکل رہا ہے:** اگر آپکی ڈیوائس میں سے دھواں نکل رہا ہے، تو اسکا مطلب ہے آگ شروع ہو چکی ہے۔ گھر سے باہر نکل جائیں، باہر ہی رہیں اور **9-1-1 پر کال کریں۔**

اگر آپکو ان انتباہی علامات میں سے کوئی بھی محسوس ہو تو:

- اس آلے کا استعمال فوراً روک کر اسے فوری طور پر بند کر دیں۔
- اسے بجلی کے پلگ سے نکال لیں۔
- اگر ایسا کرنا محفوظ ہو، تو اس آلے کو چمٹے یا دستانے کا استعمال کرتے ہوئے ہر آتش گیر چیز سے دور لے جائیں۔
- اس جگہ سے دور چلے جائیں۔
- **9-1-1 پر کال کریں۔**

<u>**اگر آپ کی لیتھیم آئن بیٹری میں آگ لگ جائے تو کیا کرنا چاہیے؟**</u>

- **اس جگہ سے فوراً دور چلے جائیں اور پھر 9-1-1 پر کال کریں۔** اگر آپکے لئے باہر نکلنا نا ممکن ہو، تو **9-1-1 پر کال کریں** اور فائر ڈیپارٹمنٹ کو بتائیں کہ آپ باہر نہیں نکل سکتے۔
- **خود آگ بجھانے کی کوشش نہ کریں۔** لیتھیم آئن بیٹری کی آگ بہت تیزی اور جارحانہ انداز سے پھیلتی ہے، اور اس سے دھماکہ ہو سکتا ہے یا یہ دوبارہ بھڑک بھی سکتی ہے۔ پانی کسی بیٹری کو جلنے سے نہیں روک سکتا اور آگ بجھانے والے آلات لیتھیم آئن بیٹری کی آگ پر کام نہیں کرتے ہیں۔ جو محفوظ ترین فیصلہ آپ کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ اس جگہ سے فوراً دور چلے جائیں اور **9-1-1 پر کال کریں۔**

آگ سے حفاظت، اسکی روک تھام اور اسکا تدارک کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:

- NYS ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی خدمات، آگ سے بچاؤ اور کنٹرول کا دفتر: www.dhses.ny.gov/office-fire-prevention-and-control
- NYS ڈویژن آف کنزیومر پروٹیکشن: www.dos.ny.gov/consumer-protection۔
- NYS ڈویژن آف کنزیومر پروٹیکشن کا آگ سے حفاظت کا بروشر: www.dos.ny.gov/fire-safety-tips
- صارف مصنوعات اور حفاظتی کمیشن (Consumer Product and Safety Commission, CPSC): www.cpsc.gov/Safety-Education/Safety-Education-Centers/Fire-SafetyInformation-Center
- امریکی ریڈ کراس (The American Red Cross): www.redcross.org

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں